زلف پیچ سے بندہ پہ کھلا یہ عقدہ
حلقہ در گوشون کو بتلائے ہین بالے تمنے

[illegible] تکلیلی تو نگاہ اوسنے سینہ
دیکھے بھالے ہوئے چمکائے ہین بھالے تمنے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

دہن زخم شہیدان نے جو ترخندہ کیے
شاخ شمشیر سے کیا پھول نکالے تمنے

سبز رنگون کے لیے گل تو نہین کھاے نسیم
ہاتھ پر داغ ہین کیا طوطے ہین پالے تمنے

بند کر روزن در چاہو کہ رخنہ ہر سے
تالے پر دیے ہین جہان نکنے والے تمنے

منھ کی کھاؤ گے ہیر یجان خدا خیر کرے
منھ نگار رکھے ہین جسطرح زرالے تمنے

اُف کرون دلکی جلن سے تو کلیجا پھٹ جاے
بُلبلو کیونکہ ہزارون کیے نالے تمنے

دامن اشک نچھوڑونگا مین اے دیدۂ تر
دل کیا میرا حسینون کو حوالے تمنے

دست و پا وادیٔ وحشت کی تمنا تھی تمھین
آبلہ توڑ چکے خار نکالے تمنے

لب شکست الیسی سند ہے کہ دغا کی اے خار
ساتھ سے چھوڑ دیے پاؤن کے چھالے تمنے

زلف زنجیر جنون سمجھے تھی اے حضرت دل
کیا پڑا پیچ کہ پا تو اپنے نکالے تمنے

کس گلستان کی چمن بندی ہے اے مردم چشم
نخل مژگان سے بھرے اشکون سے تھالے تمنے

بلبلین پھولون سے نالان ہین کہ شبنم کے عوض
قطرۂ سیماب کے کانون مین ہین ڈالے تمنے

چشم و ابرو سے کسی مست کے بیشک ہے بھلک
ہیکت و طاق پہ کیون رکھے ہین پیالے تمنے

انھین صورت نہ بدے نقش تمنائی نسیم
سیکڑون سیم بدن سانچے مین ڈھالے تمنے

خندہ و دیدۂ تر ریت مین ڈالے تمنے
اشک حسرت سے بھرے اپنے پیالے تمنے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

خم کو توڑا نہیں میخانہ میں اے محتسب و
مرشدی سے کیے پیرون کے پیالے تمنے

آبلے سے ہین جو اے پنجۂ مژگان آنسو
جوش مین خم سے اوٹھائے ہین پیالے تمنے

دل سر زلف مین کیونکر کہون ٹوٹا اے خار
بال سے ٹوٹے دیکھے ہین پیالے تمنے

دل نہ خالی ہوا رونے سے میرا بادہ کشو
خم تو خالی کئے بھر بھر کے پیالے تمنے

اوس گلِ تر کی ہواداری مین اے مردم چشم
بھرے شبنم نمط آپ اپنے پیالے تمنے

تر ہوا راتین دامن کی نمط هر دم چشم
پل مین چھلکا دیے لبریز پیالے تمنے

جی چورا شیخ نے چاہا کہ کٹورے وڑے
میکشو دور مین لائے جو پیالے تمنے

آنکھ میری جو پڑی لب پہ تو چشمک سے وہین
رخ بچو منھ سے نکالے نہ پیالے تمنے

خود سرو بھی جھکے ہو مغزون مین سمائی ہے ہوا
سمجھا اولٹی ہے بھرے اولٹے پیالے تمنے

کسکی بو پا کی ہوا جسکو سمائی ہے نسیم
صبح دم توڑ لیے گل کے پیالے تمنے

دل سے هر دم ہمین آواز بکا آتی ہے
بند کانون کو بھی گریہ کی صدا آتی ہے

دل سے تا آنکھ تک آئی اثر گرمی شوق
اشک حسرت سے نگہ آبلہ پا آتی ہے

کہا ہوا کوئی چراغ سحری و بلبل
ہاتھ ملتی ہوئی پتون سے صبا آتی ہے

تیری آنکھون کا ہون بیمار مین وعیسی دم
نہ دعا آتی ہے مجھکو نہ دوا آتی ہے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

آئینہ صاف سکندر کو دکھایا تو نے	خوب اے خضر تجھے راہ بتاتی ہے
چھولیا دہو کے سے دامان صبا تو نے تو کیا	غنچۂ گل کہین مٹھی مین ہوا آتی ہے

جسقدر وصل بتان کا نہین رہتا ہے فراق
اے نسیم اونکی کبھی یاد خدا آتی ہے

جب نے سے تیری آنکھ ہم سے پھر گئی	حلقۂ غم مین طبیعت گھر گئی
فوج مژگان مین ہے میرے خون کے لیے	چشم کی گردش سے کوڑے پھر گئی
محتسب کی آنکھ پر جب سے چڑہی	دخترِ رز شیشے کے دل سے گر گئی
ناتوانون کے لیے طوفان کیا	قطرۂ شبنم مین جو ہے تر گئی
عافیا کونی ملا تھا محتسب	خیریت گذری جو خم کے سر گئی

مردہ میرا دیکھکر بولا وہ شوخ
کیون نسیم اب آنکھ تیری پھر گئی

آنکھ نرگس سے جو اوسکی لڑ گئی	صبحدم کیا اوس گل پر پڑ گئی
پر عرق آیا جو دفن تک وہ گل	لاش خجالت سے زمین مین گڑ گئی

ولہ

بالین پہ ہوا جان جو رعنائی سے گذرے	مردہ مرا دیکھے جو مسیحائی سے گذرے
غم مرنے کا اپنے تو نہ تھا گور مین جا کر	اندیشہ ہزارون تیری رعنائی سے گ[ذرے]
دیوانہ سے پرسش ہے نہ ویرانہ سے حاصل	نادانی مین کیون ہونہ تو دانائی سے گذرے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

بھرے ہین تک جسمین پہ چھلکائے نہ صبا ۔ اسطرح کی ہم لاف شکیبائی سے گذرے

کہتے تھے وہ گل سنکے نسیم ایکا چرچا
اکثر ہین ادھر سے بھی وہ سودا سے گذرے

ہم تم ہین جو ایک پھر جدائی کیسی ۔ دل ہی نہ ملا تو آشنائی کیسی
کافر نہ گھمنڈ رکھو خود آرائی کا ۔ سب کچھ ہوں جو بت تو پھر خدائی کیسی
غیرت ہین تو ہے کہ پاؤن صہبا ٹھہور ۔ اے شیخ بھے تیری پارسائی کیسی
کھٹنا تھا وہ بد زبان ہے ہتے چھیڑ نسیم ۔ چھیڑی تو نہ ہو گی کیوں سنائی کیسی

ولہ

لائے اوس بت کو التجا کر کے ۔ کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے
ہین وہ بے آس ہون کہ میرے پاس ۔ پاس آئی ہے اسرا کر کے
لب نازک کے پاس رہنے دو ۔ تل برابر ہے دل سا کر کے
حق تیرے دانہ پانی کا صیاد ۔ جاؤنگا دام دام ادا کر کے

مت خفا ہو نسیم سے پیارے
بھولیگا نہ آشنا کر کے ؞

ہر ایک قطرہ کی محبت مین ہم سنان پہ چڑھے ۔ ہر ایک شمع کے پروانہ سان زبان پہ چڑھے
بلند مرتبہ اپنا ہے چشم تر کے سبب ۔ زمین سے ابر کی مانند آسمان پہ چڑھے
نگاہ مہر کے خاطر دیا قطرہ کو دل ۔ درخت جان کے پھل لینے ہم سنان پہ چڑھے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

افلک کی آنکھیں ستاروں سے ہیں لگ رہیں اوپر
انکھو نہ شرب کو دم بام ھر مکان پہ جب چڑھے

نسیم کار زمین کو تمام کرکے غرض
بلون لائے فرنگی اب آسمان پہ چڑھے ہے

ذی ریاست ہے جو سخنور ہے
شعر تیغ زبان کا جوہر ہے

بات اپنی یہ سبکے کان میں ڈال
آبرو مثل آب گوہر ہے

عشق بن کیا کسی کا دل ہو گداز
موم بے آگ دیکھے پتھر ہے

دل کا دینا سراسری مت جان
جان پر کھیلنا سراسر ہے

کیا مخالف ہے اس چمن کی ہوا
خار دیتا ہے جو گل تر ہے

نوک رکھے لو برہنہ پانی کی
آبلو خار دشت نشتر ہے

اب تو جاتے ہیں اوس گلی میں نسیم
ہو رہے گا جو کچھ مقدر ہے

محتسب سے ہوئی دم بھر ہی جو محفل خالی
جبھی پیر جام کا شیشہ کا ہوا دل خالی

ہمت پیر مغان دیکھ لے زاہد چلکر
کوئی میخانہ سے پھرتا نہیں سائل خالی

سینہ زخمی ہے جگر چور ہے دل گھایل ہے
وار تیرا کوئی جاتا نہیں قاتل خالی

عہد پیری میں روانہ ہوئی یوں ہوش و ہواس
صبح کو جیسے مسافر سے منزل خالی

دل ضبط کیجیو جو وہ جان جہان سے
بوسہ تو در کنار مبادا زبان سے

ہے الفلک کچھ اپنی ستاری ہی کا خوص
جو باھر و ملے ہمیں نامہربان سے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

ستے ایکدل تو کیا جسے رکھے خدا عزیز
صدقے جہان جہان جو وہ جانجہان ملے

زلفون کے سلسلہ سے دلا چل کمر تلک
ملکِ عدم کو جا جو کوئی کاروان ملے

کیا خلق مین نسیم ہین مالی کہ غنچہ سان
ہنس دیتے ہین وہ دیکھکے ہمکو جہان ملے

دوزخ و جنت ہین اب میرے نظر کے سامنے
گھر رقیبون نے بنایا اوسکے گھر کے سامنے

ناصحا جی کسکا لیتا ہے کھلون گا تجھسے مین
دلکو پردہ ہے محبت مین جگر کے سامنے

عشق کے رتبہ کے آگے آسمان بھی پست ہے
سر جھکایا ہے فرشتون نے بشر کے سامنے

خواب مین شبکو خیال آیا تھا جنت کا ہمین
صبح دیکھا تو پڑے ہین تیرے در کے سامنے

رات مہتابی پہ چڑہتا ہے نہ تھا وہ مہر وش
پانو پڑکر چاندنی لائی قمر کے سامنے

کوئی ہمچشمون کا دنیا مین نہوا احسانمند
آنکھ کس منھ سے ہو ولگی چشم تر کے سامنے

کیون نہ روتی چشم دل تھا طفل اشک ازبس عزیز
زشت رو بیٹھا ہے یوسف ہے بدر کے سامنے

خاک دیکھا کچھ شبستان جہان مین او نسیم
ڈھیر پروانون کا تھا شمع سحر کے سامنے

چاندنی ہر شب کو کرتی ہے کنارا چاندنی
تیری خاطر منھ کو دکھلاتی ہے تارا چاندنی

آج مہتابی پہ چڑہتا ہے وہ بھر سیر ماہ
جانتا ہون کچھ تیرے اچمکا ستارا چاندنی

بے ضرورت خوش نہین آتی جہان مین کوئی چیز
فصل سرما مین نہین ہوتی گوارا چاندنی

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

تو چُھپا شبکو جو مہتابی پہ بھر چشم بد
وصل کی شب کا سماں آنکھوں میں چھپایا مجھے
روتے روتے ڈوبتا ہے جب شبِ فرقت میں دل

آسمان سے اوتری کرنیں گوا تارا چاندنی
ماہرو دیکھے نہ پھرون سے دوبارا چاندنی
جانتا ہوں صاف دریا کا کنارا چاندنی

ولہ

دل سے کھڑا ہیں نہ ہر آن نہ بھرے
خواہشوں کو میں کرون کیا اے سپہر
ہمتو غزگان کی نمط ہم چشموں
اشک دانا ہے تو نظروں سے نہ گر
ضبط رو کی نہ تو دکھلاون آنکھ
چشم عشاق کے بر رحمت آ
گر وہ بت نام خدا گویا ہو

کچھ جگہ ہو تو دم انسان بھرے
دل میں مفلس کے ہیں ارمان بھرے
خالی ہاتھ آئے ہیں ارمان بھرے
دامن اس وحشی سے نادان بھرے
پُل میں پانی ابھی طوفان بھرے
اے صدف ورنے تیرے کان بھرے
کلمہ کا دم نہ مسلمان بھرے

فوج الفاظ کی بھرتی ہے نسیم
شعر رنگین سے میں دیوان بھرے

دنیا میں عیش و غم سے ہیں یکسر بھرے ہوئے
ساقی دہن ہے زخم کی صورت فراق میں
مہر فلک سے ہاتھ دہولے کاسہ حیات
دیوانہ ہو جو سلسلہ دہر میں رہے

شیشوں کے دل میں خالی تو ساغر [illegible]
پیالہ میں موج می سے ہیں خنجر بھرے [illegible]
خالی النصیب ہیں نہ [illegible] بھرے ہوئے
ہیں یہاں بھی خالی عقل سے گھر گھر [illegible]

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

اے ذرہ تو ہے مہر سے عرصہ نہ تنگ کر
برج فلک مین ہین مہ و اختر بھرے ہوئے

اے صبح مین دکھاؤن میرا چاک سینہ دیکھ
شبنم سے سب ہین زخم گل تر بھرے ہوئے

دیوانہ طفل اشک کا ہون مین کہ شعلہ سان
دامن مین جا سنگ ہین اخگر بھرے ہوئے

گردش زدہ کوئی تو نہین چھانتا غبار
دامن کہان سے لاتی ہی صرصر بھرے ہوئے

دشمن نملیو جیسے ہم اوس دوست سے ملے
بیدل خفا او داس مکدر بھرے ہوئے

صیاد کیون اوڑا حزن تم طایر نگاہ
ایسا لگا ہے کچھ تو کہین پر بھرے ہوئے

دل خالی کر دے ابر ندامت سے لاکھہ بار
اے قطرہ تجھسے خود مین سمندر بھرے ہوئے

دانا جو ہو نہ یار کے دانتون کے لب پہ جا
دریا نے تیرے کان مین گوہر بھرے ہوتے

[illegible] ہون بت پرستی کا دیوانہ زاہدا
لڑکون کے جھولیون مین پتھر بھرے ہوتے

حسرت دل و سرشک سے اب صورت قرہ
ہم خالی ہاتھ مین گہر و زر بھرے ہوتے

ہر حناے ریش مبارک کا عکس ہے
پیالا ہے مے سے یا تو سراسر بھرے ہوتے

کس گل پہ اوس پر گئی وقت سحر نسیم
شبنم سے دیکھی دیدہ عبہر بھرے ہوئے

[illegible] دیدہ ہو نہین فصل بہار باقی ہے
خزان رسیدہ چمن کی بہار باقی ہے

فصل گل نہین پر عندلیب کی دل مین
گلو نکا داغ ہے گل چین کا خار باقی ہے

تو کہتی ہے صاف آمد بہار چمن
صداے غنچہ و صوت ہزار باقی ہے

[illegible] مو نہین نہ نالہ و بہان کسے ہے قرار
دو روزہ عمر سو تھوڑی سی یار باقی ہے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

خیال یار نے ایسا کیا ہے گوشہ گزین   کنار گبری کنج مزار باقی ہے ۞

دلا معاملہ جانان سے جیتے جی کر لے   ابھی بھرم ہے ابھی اعتبار باقی ہے

ہوئے پہ دیدۂ عاشق کے سیلے ہین واہ رے عشق   ابھی امید ابھی انتظار باقی ہے ۞

جنون و عقل کے قصے سے چھوٹے بعد فنا   نہ پردہ در ہے نہ وہ پروا باقی ہے ۞

گلو نگی بر لی ہے کانٹونکا وہ سر پر قد پر   ہوئے پہ بھی خلش روزگار باقی ہے

غبار راہ ہون پہ خاکساری رکھتی ہے   ہوائے اوج و دماغ و وقار باقی ہے

از بسکہ خاکیون کے دلین ہے حرارت عشق   زمین کی نبض مین ابتک بخار باقی ہے

نظارہ بازی سے آنکھین تو پا چکین تسکین   تسلی دل امیدوار باقی ہے ۞

یقین ہے شغل تصور سے تجھپہ قابو ہو   اب ایک نقش بھی اسے نگار باقی ہے

خوشی سے ہین تو بوسی لعبہ زلف و نگا   خفا ہو جب کرو اختیار باقی ہے

کنار و بوس کی حسرت نہین جب ہوئین یار   عروس گور سے بوس کنار باقی ہے

رہے مدام یہہ صید افگنی ترے اے ترک   شکار گاہ مین جب تک شکار باقی ہے

گناہ جسکے بڑھے حرص نفس بڑھ گیا   شراب پی چکے فاضل خمار باقی ہے

جنون کا جوش ہے کپڑے پھٹے جاتے ہین   فساد اوٹھا ہے ابھی کارزار باقی ہے

ہزار رکھتے وہ سنتے نہین ہین ایک   امید ایک سے لی ہا ہزار باقی ہے

تو نکے قہر سے ہمکو مقام یاس نہین   امید رحمت پروردگار باقی ہے ۞

ولہ

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

…سے مین حرف نہ آنے دیجئے — جان اگر جاے تو جانے دیجئے
پاس سگ کے اس نہ لوٹے جبین — اُس کو پاس آنے دیجئے
پارہ دل نہ تھا حرد م چشم — بیٹھے مجھکو اوٹھا دیجئے

غصہ کیا اتنو گیا یہان سے نسیم
آپ بے بیٹھے جانے دیجئے

…گرے جگر کے آنکھ سے پارے نکل گئے — ارمان آج دل کے ہمارے نکل گئے
واسطے کہ لخت جگر تھے جو طفل اشک — آنکھون کے سامنے سے ہمارے نکل گئے
شعلے ہمارے آہون کے ایسے ہوئے بلند — بروں سے آسمان کے تارے نکل گئے

مانند وحشت حرفہ بوا کھنے ای نسیم
دامن کے ہر طرف سے کنارے نکل گئے

…ساقی قدح شراب دے دے — مہتاب مین آفتاب دی دے
…ساقی باقی جو کچھ ہو لیلے — باقی ساقی شراب دی دے
…ہے محتسب ستا بان — او غنچہ می شتاب دے دے
…بیٹھے ہنسے تجھے بنایا — مجنون مجھکو خطاب دے دے
…دار مین محبت فتنہ ہر — یارب آنکھون کو خواب دے دے
…سا جاتا ہے نشتر یار — اور کچھ کچھ خون ناب دی دے

اوس بت سے نسیم زر تو مانگ

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

جو چاہے وہ بحساب دے دے

دل تڑپے تو بجلی ابھی گرتی ہے نظر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

آنسو نہ بہاؤں تو سدا پانی کو ترسے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

محتاج وہ دریا کا یہاں جوش جگر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

وہ ایک ہی بارش کے لیے دو ہیں ادھر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

وہ پانی سے نکلے ہی یہاں اشک گہر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

انگارے برستے ہیں یہاں لخت جگر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

ترجیح نہو گی کف دریا کو لہر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

ہر قطرہ اشک آب میں بہتر ہیں گہر سے — کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

دکھلاؤں تسنیم آنکھ تو رو دے ابھی ڈر سے
کیا ابر کو نسبت ہے میرے دیدہ تر سے

وہ مہوش مہر سے اب زیب برج و بام ہوتا ہے — جو قسمت ہے تو مطلب صبح ہوتا شام ہوتا ہے

مہ و مہر فلک مستوں کی کام آتی نہیں ساقی — جو چرخ اپنا چلا تو دور رد جام ہوتا ہے

چمن کے پھول سے میخوار کیفیت نہیں پائی — جو رنگ اپنا جما تو جام ہی گلفام ہوتا ہے

لگا جام شراب عشق جب منہ سے خرابی ہے — نشا آغاز ہوتا ہے خمار انجام ہوتا ہے

جو میخانہ میں آئے شیخ صاحب بنکے جادو گئے — صدائے قلقل مینا سے یہاں اہمام ہوتا ہے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

او بکھو نزاکت ہے وہ گالی دے نہین سکتے
ت چھپ چھپ کے زلفو لکا پھنا دل خال لب مین

گران لبھاے نازک پر ہمارا نام ہوتا ہی
کبوتر تھہ پر جب بیٹھا تو دانہ دام ہوتا ہی

ولہ

ریا پھاون و گے جو بحث ابر سے پڑے
کی آفتاب حسن سے ملتی ہے روز آنکھ
کرے آتشین کو چھوا ہے کہ اشکون سے
کشتے کے زخم آنے ہوئے عشق کھل گیا
ا رحسن خالی مگر جنکو ذرہ سے
رم جو سی باد خدا ہو تو کیونکہ ہو
کھسا ہمارا گر کے کھلاڑی کے ہاتھ سے
ے عشق زلف یار وہ سودا ہے مین بھی ہون
ون سے میرے سایہ قامت سے یار کے
گرسے دھر مین مردان راہ حق

یکھ چشم وہ ہین تپلی کی جسمین تو ی پڑے
ذرہ مین پر کچھ ایسے نہین ہم گری پڑے
مژگان تر کی پنجہ مین ہین آبلے پڑے
اب لکی پردہ داری مین رخنہ پڑی پڑے
دلوانی دل نہ زلف کا سودا گلے پڑے
اوٹھنے کا قصد کرتے ہین کاہل پڑی پڑے
منہ تاکتے ہین پاسی کی صورت پڑی پڑے
سر توڑونگا جو تیری کھٹکے کھلتی گرے پڑے
جھگڑے فساد اوٹھے جھنگے بڑے بڑے
سب کاٹتے ہین رنجش دنیا پڑی پڑے

صحبت مین رکھئے دوست ہے دشمن نہین نسیم
اگلے سے بار ہا ہین ہمین سابقے پڑے

خمار شک جو رنج ہوتا ہے

آدمی سے قصور ہوتا ہے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

مئی الفت سے بھر گیا جو دل | صورت شیشہ چور ہوتا ہے
خاک عاشق سے جو درخت اوگا | طور ہوتا ہے نور ہوتا ہے
جسکو دیکھا وہ اس زمانے مین | اپنے نزدیک دور ہوتا ہے
خاکساری وہ ہے کہ درون پر | روز باران نور ہوتا ہے
کسکی پیتا نہین خبر رزاق | آدمی ناصبور ہوتا ہے
اے ہوس نان داغ بس نہ لگا | کرم طوفان تنور ہوتا ہے
کشتی مے بدولت اے ساقی | بحر غم سے عبور ہوتا ہے

باغ جاؤ جو ہوتا ہے نسیم
صبح کو وہ ضرور ہوتا ہے

گر کہے آنکو ساقی تو کہون آنکھون سے | منھ لگائی تو مین جیون کاسہ چلون آنکھون سے
دختر رز کی برائی لکھین زاہد لے جو کی | ساغر مے کے ٹپکنے لگا خون آنکھون سے
پتلیان جادو کی پتلی کھون یا کوئی طلسم | سحر کرتے ہین نگاہون سے فسون آنکھون سے
مردم چشم نہین طوق سیہ پہنے ہوئے | ہون لگائی ہوئی تصویر جنون آنکھون سے
سرمۂ طور ہون کیونکر نہ چڑھون آنکھون پر | قطرۂ اشک ہون کیونکر نہ گرون آنکھون سے

گھر چل وٹھ کوچۂ قاتل سے کیا ہٹ ہے نسیم
خوار کیونکر مین تجھے دیکھ سکون آنکھون سے

غنچے بولین ہنسی چلکر گل سے لڑائی کرتی تھے | نرگس تمیز آنکھین والی چشم نمائی کرتے تھے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

قتل کیا اوس تیغ نگہ نے حضرت دل کیون آنکھ لڑائی
بر سر کین تھی صف مژگان ہا صفائی کرتی تھی

یا ملکھ دو ہا چشمونکو دیکھہ سکے کب چشم فلک کی
بینی سے دو آنکھونمین ہے حق کو جدائی کرتی تھی

کعبہ مین تھے شیخ کے پیرو دھر مین جو تھے پائے برہمن
نقش قدم کیصورت ہر جا ناصیہ سائی کرتی تھی

سنکے نسیم اوس گلگلے بدن سے گریبان چاک کیا ہی
بات یہہ کیا غنچون سے تمکو بادہوائی کرتی تھی ۞

یار ہے تو جسکو سمجھا غیر ہے
غیر اپنے کون اپنا غیر ہے

غیر کا احوال سنتے ہین وہ خوب
اسلئے احوال میرا غیر ہے

ہے تیری تیغ نگہہ مین کیا اثر
وار ہو ہمپر تو کتنا غیر ہے

غیر سمجھا ہے یہان تک ہمکو یار
بوسہ مانگین ہم تو پایا غیر ہے

اگلی یاری مین بھاری تھا نسیم
آج سمجھے ہم کہ اگلا غیر ہے ۞

دلکی آغوش مین وہ راحت جان رہتا ہے
بندہ خانے مین خداوند جہان رہتا ہے

عشق کی آتی ہو سب جاتی ہی ہوش و حواس
جانور رہتے نہین شیر جہان رہتا ہے

ایک قلم مین دو شاہ نہین رہ سکتے
عشق جب آیا تو آرام کہان رہتا ہے

ڈھونڈتے دلکو تو یہہ کہتی ہے وہ زلف سیہ
ایک میری خانہ زنجیر مین یہان رہتا ہے

گذری اے پیک صبا تو دعا کہدینا
گو چہ زلف مین دل تا م جوان رہتا ہے

دیگر

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

اہل ہوس کا کس شی پہ بس ہے | اللہ بس ہے باقی ہوس
سیر بیابان چاک گریبان | وہ پائمردی یہہ دسترس
ناحق بتون نے بیداد کی ہے | اللہ ہے تو داروس

ولہ

پھنسکے دل مت نکل سمجھ لینگے | زلف کرتی ہے بل سمجھ لین
ہم سپاہی ہین او کمان ابرو | تیغ پکڑے اجل سمجھ لین
بنیت شب حرام اے ساقی | آج تو سو ہین کل سمجھ لین

آج بے مثل ہو سخن مین نسیم
چارون مین مثل سمجھ لینگے

گم ہوا سینے مین جب دل چشم گریان کیا کرے | گھر مین جو کھویا اوسے خضر بیابان کیا
کور باطن کے لئے کیا مشتعل عشق کی | چشم نابینا کو خورشید درخشان کیا
چشم گریان کر سکے کیا آہ سوز انکا علاج | آتش برق وہان کو آب باران کیا

باب پنجم مین روایت عشق کی ہے گو نسیم
خود حکایت جو ہوا ہو وہ گلستان کیا کرے

جو چپ رہون تو جنون دل مین جوش کھاتا ہے | فغان کرون تو گریبان گلا دبا تا
مکان سینہ کا پاتا ہون دمبدم خالی | نظر بچا کے تو اے دل کدھر کو جا

دیگر

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

دیگر

ادس آنکھ سے بچی کہ قضا سے نگران ہے — وہ رے صفِ مژگاں کہ تیرونکی کمان ہے

دیگر

پہونچی نہ راحت ہمسے کسیکو اور عداوت کوش ہوئے — جان پڑی تب بار شکم تھی مرے کے وبال دوش ہوئے

دیگر

تیغ و سپر بندی ہے غضب جال ہال ہے — قاتل سے آج جان کا بچنا محال ہے

مخمس

آہ لوکی سی کلیجے کو لگا آتی ہے — بوند آنسو کی جلی دل کو بجھا آتی ہے
سوز کی ساز کی درپردہ صدا آتی ہے — دل سے ہردم ہمین آواز بکا آتی ہے
نبد کانون کو بھی گریہ کی صدا آتی ہے

دمھروہیں جو پاتی اثر گرمی شوق — ٹھنڈی سانسون سے جتاتی اثر گرمی شوق
ع سان کھلکے نہ کھاتی اثر گرمی شوق — دل سے تا آنکھ تک آتی اثر گرمی شوق
اشک حسرت سے نگہ آبلہ پا آتی ہے

م کچھ میری بیکاری کا چارہ ہے ضرور — طالع خفتہ کی بیداری کا چارہ ہے ضرور

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

ناتوان ہون میری لاچاریکا چارہ ہے ضرور | اے مسیحا میری بیماری کا چارہ ہے ضرور
نہ دعا آتی ہے مجھکو نہ دوا آتی ہے

ظلمت آباد کو روشن ہی کیا پایا تونے | آب حیوان سے دل انسان کا بجھایا تونے
کیا کدورت تھی کہ برعکس سمجھایا تونے | آئینہ صاف سکندر کو دکھایا تونے
خوب اے خضر تجھے راہ بتا آتی ہے

ہین سبھی صورت شبنم سفری او بلبل | بھولتی کس پہ ہے یہ غنچہ بیجا او بلبل
گرتی ہین مرغ چمن نوحہ گری او بلبل | گل ہوا کوئی چراغ سحری او بلبل
ہاتھ ملتی ہوئی پتون سے صبا آتی ہے

بلبل شاخ سے دل ملکے ہنا تونی تو کیا | خار سے دل کو میرے داغ دیا تونی تو کیا
باندھ لی اپنی گلستان کی ہوا تونی تو کیا | چھو لیا دھوکے سے دامان صبا تونی تو کیا
غنچۂ گل تجھے مٹھی مین ہوا آتی ہے

موت کا ہو نہ مسیحا کی بھروسے مشتاق | زہر کھاتا ہے کوئی پاس بھی ہو کر تریاق
آگے ایسا تو نہ تھا کیسی ہوا ہے یہ مذاق | جسقدر وصل بتان کا تجھے بھایا ہے فراق
اے نسیم اونے کبھی یاد خدا آئی ہے

مخمس دیگر

کب تیری قسمت مین کہ الفت ہے تم آتی جاتی | دو سہرے تیرے منہ ہمکو دکھاتی جاتی
پڑہولخوب کر اور آگے ستاتی جاتی | موج ساں ن کیا خس و خاشاک بہاتی جاتی

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

آگ کی طرح جدھر جاتی جلاتی جاتی

سبزہ نے چھیڑ کی رکھی بہاری بے رنگ
آہ یہ سبز قدم آتی ہے کیا لایا رنگ

کیوں نہ خوبی چمن آرا سے لالہ دیکھ کے دنگ
خط نے اوس عارض گلگون پہ کیا عرصہ تنگ

خار ہیں صحن گلستان کو دباتی جاتی

قطرہ اشک نہیں آنکھوں سے بہاتی نہ سہے
پھول دو چار کسی دن نہ چڑھائی نہ سہے

ہنسی دینے کو بھی مرقد پہ آئی نہ سہے
شمع گل تربت عاشق پہ نہ لائی سہے

فاتحہ کے لیے تو ہاتھ اوٹھاتی جاتی

حکم تو نے جو دیا کوئی نہ آنے پاوے
کیا ہوا گھر میں اگر آنکھ چراتی مجھسے

لے الصد رنج تیرے در سے تو محروم چلے
راستہ روک کے کھڑ ونگا جو کھتا ہے مجھے

کیا ملوگے نہ کبھی راہ میں آتے جاتے

شمع ساں رونے سے کیا جاوے میری لگی جلن
یہ وہ پانی نہیں جو آگ کا ہووے دشمن

اشک مانند شرر آہ جلاتی ہیں بدن
آتش عشق پہ کرتی ہیں یہ کار روغن

اشک گرم اور بھی ہیں آگ لگاتے جاتے

عاشق زار ہوں اوس بت کا جو ہونا ہو سو ہو
ساغر غم کو لبریز کروں گا رو رو

غم کو میں کھاتا ہوں غم کھانی بلا سے مجھکو
آزماتا ہوں محبت میں میں ظرف دلکو

درد و غم اسمیں کہاں تنگ ہیں سماتے جاتے

اسمیں امکان نہیں محو محبت کا اثر

محو و داغ ہی دکھلاتی ہیں ہر شام و سحر

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

دہویا شبنم نے کہین جاتا ہے داغ گل تر — یک بیک دل سے مٹے حرف محبت کیونکر

لالہ رو داغ ترا جائیگا جاتے جاتے

وصل انسان کو پریزاد و نکا ہووے دشوار — فائدہ کچھ نہین تم مفت مین کیون ہوتے ہو خوار

کہتے کہتے تو ہوئی تمکو نسیم اب لاچار — عشق کو ترک کر دیا نہ کرو ہو مختار

نیک و بد رند تمہین ہم ہین جتاتے جاتے

مخمس دیگر

زمانہ مین ہین نکتہ دان کیسے کیسے — خط و خال کے ہین بیان کیسے کیسے

زبان زد ہین وصف بتان کیسے کیسے — دہن پر ہین اونکے گمان کیسے کیسے

کلام آتے ہین درمیان کیسے کیسے

وہ خونخوار عاشق کشی پر جو آیا — کوئی دم کے دم بیقرارون مین پھیرا

روان جب ہوا تیغ سے تیز تر تھا — نہ مڑکر بھی بیدرد قاتل نے دیکھا

تڑپتے رہے نیم جان کیسے کیسے

قضا جب دم آجاتی ہے بنکے دشمن — کسی کی نہین چلتی ہے مشفق من

اجل ہے گذرگاہ ہستی مین رہزن — عجب کیا ہے چھٹے روح سے جامۂ تن

مٹے راہ مین کاروان کیسے کیسے

خزان خار اپنے دکھاتی ہے کیا کیا — بہار اپنے پہل پہول پاتی ہے کیا کیا

شگوفہ ایک فصل لاتی ہے کیا کیا — زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

	بدلتا ہے رنگ آسمان کیسے کیسے	
نہ زخمی بدن ہین نہ گھایل ہوتے ہین لہو سے ملکے کشتون مین داخل ہوتے ہین		نہ خونین کفن ہین نہ بسمل ہوتے ہین تمہاری شہیدونمین شامل ہوتے ہین
	گل و لالہ و ارغوان کیسے کیسے	
وجود لبتہ کیا عدم ہے عدم سے شکم پروری حرص نازونعم سے		کرے آدمی جب تلک دم مین دم ہے کرے جسقدر شکر نعمت وہ کم ہے
	مزے لوٹتی ہے زبان کیسے کیسے	
جو دلسوز فرقت مین ہین داغ سوزان بنے رہتے ہین روز ناخواندہ مہمان		تو دمساز ہین نالہ و آہ افغان غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرمان
	ہمارے بھی ہین مہربان کیسے کیسے	
کونی جانتا ہے کسیکو خبر ہے کہین کچھ خیال اور کہین کچھ نظر ہے		کہ پردہ مین کون ایسا صنم جلوہ گر ہے دل و دیدہ و اہل عالم مین گھر ہے
	تمہارے لیئے ہین مکان کیسے کیسے	
جو مے نوش ہین رنگ اونکے جمے ہین گلابی کے ہاتھون مین ساغر دیے ہین		پئی پھول بدمستیان کر رہے ہین بہار آئی ہے نشہ مین جھومتے ہین
	مریدان پیر مغان کیسے کیسے	
ہر ایک درد کا کر سکے لوگ چارا		اجل سے بنایا کسی نے گذارا

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

ملے خاک مین سیکڑون مسند آرا   نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا
مٹے نامیون کے نشان کیسے کیسے

الٰہی یہ ہے بت دین و دل دونو لیے ہین   نگارون کے نقشے لکھین کیون نہ دل مین
نظر ہا سب نقد جان کھول دیوین   تیری کلک قدرت کے قربان انکھین
دکھائی ہین خوش رو جوان کیسے کیسے

فسانہ جو کچھ حسن اور عشق کے ہین   لب نے سے وہ پوست کندہ سنتے ہین
جو مغز سخن سمجھے ہین جانتے ہین   تپ ہجر کے کاہشون لی گئی ہین
جدا پوست سے استخوان کیسے کیسے

جسے دیکھو سوجی سے ہے تجھ پہ مرتا   ترے دم سے مردہ بھی ہو تو ہو زندہ
نظر ذرہ ذرہ پہ ہے مہر آسا   توجہ نے تیرے ہمارے مسیحا
توانا کئے ناتوان کیسے کیسے

نسیم آج کیونکر نہو مست دل خوش   کرے سبزہ چمن کی روشن پر ہے دلکش
خزان باغ سے بھاگتی ہے مشوش   بہار گلستان کی ہے آمد آتش پہ
خوشی بھرتے ہین باغبان کیسے کیسے

مخمس دیگر

مجھے تو کہتے ہو رنگ تیرا گھر مین کچھ ہی گھر مین کچھ ہی   زمانہ کیطرح ڈھنگ کا گھر مین کچھ ہے گھر مین کچھ ہی
شج مالو نکا کل کا وعدہ گھر مین کچھ ہی گھر مین کچھ ہے   کسے بھروسا کہ دم کا نقشا گھر مین کچھ ہی گھر مین کچھ ہے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

گھڑیکی صورت لگا ہے تمھکا گہر ہین کچھ ہے گھڑی مین کچھ ہے

دلا نہ کر غمسے اشکباری کہ یا سمین ہے امیدواری
یہ خوبی اعمال کی ہے سارے کسیکو عزت کسیکو خواری
جو ہو یہین ٹھیرنگی بیقراری تو ہو چکی زندگی ہماری
یہ رنج و زحمت ہے اعتباری یہ عیش و راحت ہے اختیاری

کبھی ہے دہوپ اور کبھی ہے سایا گہر ہمین کچھ ہے گھڑی مین کچھ ہے

کبھی ہم آغوش ہے مشوش کبھی دکھاتا ہی تیرہ و ترکش
سزای خونریزی پر کبھی غش کباب دلکا کبھی نمکچش
کبھی ہے راضی کبھی ہے ناخوش کبھی ہے شاکی کبھی ہے عشر
کبھی ملاپ اور کبھی ہے سرکش کبھی ہے آب اور کبھی ہے آتش

فراج ساقی برنگ صہبا گھڑی مین کچھ ہے گھڑی مین کچھ ہے

سحر کلال ایک تھا نخنگو کہ چاک پر جام جبکہ دیکھو
بنایا چاہو جو طرف دلکو تو جام مے کی طلب مین گھوما
وہ دور داماں یار سمجھو کہ گردش چشم مست جانو
برنگ چاک اپنی زمین کے لوگو شریک سلنو کے دور مین ہو

فلک کی گردش کا کیا بھروسا گھڑی مین کچھ ہے گھڑی مین کچھ ہے

فلک پہ مہر اشرفی لٹا ہے کہ مشتری ہو نہین دل ہی اسکا
فلک کی حوصلہ مین کیا کیا یہان جو پوچھو تو جان تنہا
زمین پہ گل زر لٹے ہین صد ہا کہ سنبل الساہمین گو بلا
دلا دم نقد ہے جو شید انو کر لی او نکا کلو نکا سودا

خرید جلدی کہ نرخ کالا گھڑی مین کچھ ہے گھڑی مین کچھ ہے

مین ہو جو مریض تپ محبت عیان ہے بیتابیونکی صورت
جو کوئی ہمدم پاسے گرم صحبت تو ہو نکی جادو سحر الفت
مین دل جلا ہون جو عیادت نہ جیکی بخیبی کی آئی نوبت
نہ کیجیو ہمدم ذرا بھی غفلت کہ مثل اخگر بدلی لگی حالت

جو دم مین زندہ تو پل مین مردہ گھڑی مین کچھ ہے گھڑی مین کچھ ہے

کا دل اب جو یہین تفکر کھون جو دلگی تو ہو تحیر
خموش بیٹھون تو ہو تصور کہ اسکو کچھ ہو گیا تحیر

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

یہاں تخیل وہاں تکبر وہاں تلون یہاں تغیر — کبھی تصور کبھی تحیر کبھی تکدر کبھی تحسر

نہ پوچھو ہمدم کہ حال میرا گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

فراق ہے موت کی نشانی جواب دیتی ہے زندگانی — محال ہے ضبط خونچکانی کمال ہے روز ناتوانی
بیاں ہے اس درد کی کہانی عیاں ہے منہ پر بت نہانی — میں کیا کہوں نامہ بر زبانی یہ کہیو ہمدم بھر رہا جانی

نہ سمجھو آئین دم کا وقفا گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

نہ عہد و انکو استواری نہ قصر گردو نکو پائداری — جہاں میں ہے جوہری کی جاری عیاں ہے ماہیت سبکی ساری
فلک کو شبنم سے اشکباری زمیں کو پھولوں نے غداری — نہ پوچھو اے مہوش ہماری کہ کیوں ہے دوران بیقراری

زمانہ کا رنگ شکل حربا گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

شگوفہ باز و نہ تم قبولو یہ پابندی ہے سب فضول لو — جو شل برق آسمانکو چھولو تو پیل مست سحاب ہولو
نہ شاخ شاخ چمن پہ جھولو نہ تہمت عشق رنگ بو لو — نہ باغ سیر جہاں پہ بھولو نسیم نیرنگ ہے نہ بھولو

کہ بازیگر کا یہ تماشا گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

ترجیع بند

نہ ملا چھوٹ کے پھر ہم سے وہ پیارا افسوس — نہ ہم آغوش ہوا کر کے کنارا افسوس
نہ کیا پھر بھی ان آنکھوں سے نظارا افسوس — رہ گیا نیم نگہ کا ہمیں سارا افسوس

نہ ہوئی وصل کی شب ہائے دوبارا افسوس

آرزو تھی کہ دے دیکھئے پھر ایک نگاہ — گردش چشم سمجھتی یہ سفید اور سیاہ
تارے افشاں کے سمجھے سطح جبین پر واللہ — زلف و رخسار پہ قربان تھی سیر شب ماہ

کھوئی وصل کی شب ہائے دوبار افسوس

لعل نوشین سے جو ساقی کے ہن بوسا لیتا
مئی خونین و کباب نمکین کھالیتا
لذت وصل کا جو کچھ تھا مزا پالیتا
مرغ وزاہد سے سر شام ہی بدلا لیتا

کھوئی وصل کی شب ہائے دوبار افسوس

عالم تشنہ دیدار مین ساقی بنکر
آفتاب ایک ہی جرعہ تھا جب اے رشک قمر
دور ساغر تھا ہمین چرخ ہلالی اکثر
تاقیامت نظر آتا نہ کبھی روے سحر

کھوئی وصل کی شب ہائے دوبار افسوس

ہوش سے نشہ کی صورت تجھے بھگا دیتے
دل تلک پردہ مین خالی تجھے پہونچا دیتے
گوشہ چشم مین رہنے کے لئے جا دیتے
خواب کو بھی کبھی غفلت سے فرستا دیتے

کھوئی وصل کی شب ہائے دوبار افسوس

دیکھکر زلف وہ تا چاند سے رخسارے پر
سینہ زن چاند ہوا یا کہ بجا یا لے گجر
رات دو ایکدن اسوجہ سے سمجھے یکسر
صبحدم نکلے احول تھی نگہ مد نظر

کھوئی وصل کی شب ہائے دوبار افسوس

اب جو آغوش مین آیا وہ مہ ہالہ نشین
چشم انجم کیطرح آنکھ جھپکتی ہے نہین
باندہی عہد بہم صورت عقد پروین
زلف شب رنگ مین کر رکھتی نہان صبح جبین

کھوئی وصل کی شب ہائے دوبار افسوس

ترجیع بند دیگر

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

دیو تابع ہوتے ہین تسخیر سے
مس کو کرتے ہین طلا اکسیر سے
پھنستے ہین جن سحر کی تاثیر سے
چوکتا عاقل نہین تدبیر سے
آدمی مجبور ہے تقدیر سے

حضرت آدم خدا کے تھے صفی
کیا حقیقت دانۂ گندم کی تھی
رشک سے جنکے ہوا شیطان شقی
جسکے خاطر جنت الماوا سے چھٹے
آدمی مجبور ہے تقدیر سے

سانحہ شداد پر گذرا عجیب
دیکھنا لیکن نہ تھا اوسکو نصیب
خوش تھا بنوا کر بہشت دلفریب
آستان پر جان سے گذرا غریب
آدمی مجبور ہے تقدیر سے

زعم تھا فرعون کو مین ہون کردگار
آبگینہ کا بنایا تھا حصار
بارش باران ہوئی جب بے شمار
قدرت حق سے ہوا وہ سنگسار
آدمی مجبور ہے تقدیر سے

جب ہوا ذکریہ کا دشمن جہان
قوم کو شیطان نے بتلایا نشان
پیڑ نے پھٹ کر کیا اوسکو نہان
سر پہ آرہ چلکے دی آخر کو جان
آدمی مجبور ہے تقدیر سے

وہ سلیمان جنکے پریان تھین رہین
اہرمن جب لیگیا خاتم وہین
اسم اعظم سے جہان زیر نگین
یاد ان کے سینے نہ ٹھہری بہر زین

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

وہ کلیم اللہ جو ہر صبح و شام — طور پر ہوتے تھے حق سے ہم کلام

کیا غضب تھا لن ترانی کا مقام — لے سکے پھر رب ارنی کا نہ نام

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

پیر کنعان کا وہ یوسف خوش لقا — چاہ مین اخوان کے ہاتھون سے گرا

داغ قسمت مین غلامی کا جو تھا — مصر کے بازار مین جا کر بکا

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

وہ امام دو جہان حضرت حسین — فاطمہ کے او علی کے نور عین

وہ دلارا مصطفٰے کے زیب و زین — زیر خنجر بس یہی کرتے تھے بین

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

وہ سکندر جس کا رہبر خضر تھا — جانب ظلمات کس ڈھب سے گیا

آب حیوان پر نہ پینے کو ملا — تشنہ لب چشمہ کے ساحل پہ آیا

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

مثل افلاطون حکیم ذوفنون — خم نشین ہو کر ہوا ایک لخت خون

چاہا حکمت سے جو مجسم پھر مین ہون — عقل و دانش ہو گئی جہل و جنون

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

قیس لیلے پر جو مفتون ہو گیا — دہر مین مشہور مجنون ہو گیا

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

شہر چھوٹا وقف ناموں ہوگیا
ناقہ اگر بخت واژوں ہوگیا

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

کوہ کن شیرین کا عاشق تیشہ گیر
پیرزن کا حرف سنگ پا گزیر
لگیا تھا پیش خسرو سے فقیر
جان شیرین کھو دی لاکر جوئے شیر

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

مل کر تھا وارفتہ عشق دمن
سلطنت ہاری چھٹا شہر و وطن
جب رہا اوسکو نہ ہوش جان و تن
دشت غربت کی سہے رنج و محن

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

میں کہوں گلزار معنی میں نسیم
بلبل آسا گو ہزاروں میں فہیم
حرف میں رکھتے ہیں گل کی شمیم
ایک سے حاصل ہوا نہ زر نہ سیم

آدمی مجبور ہے تقدیر سے

واسوخت

پھر جوش بہار چمنستان جنون ہے
پھر رشک چمن گوشہ زندان جنون ہے
پھر صورت گل چاک گریبان جنون ہے
پھر موج ہوا سلسلہ جنبان جنون ہے

پھر چاک جگر تار نفس ٹانک رہا ہے
پھر ہاتھ توحش سے بغل جھانک رہا ہے

پھر دیکھیے صورت سے بہلتا نہیں افسوس
کیا کیجیے بس اپنا تو چلتا نہیں افسوس
بگڑا ہے وہ نقشہ کہ سنبھلتا نہیں افسوس
افسوس کچھ ارمان نکلتا نہیں افسوس

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

سررشتۂ امید جو یون ٹوٹ گیا ہے
دلکس سے ملایا ہے کہ جی چھوٹ گیا ہے

کس شوخ پریچہرہ نے دیوانہ بنایا
کس چشم فسون ساز نے افسانہ بنایا

کس بادۂ گلرنگ نے مستانہ بنایا
کس شمع جہانسوز نے پروانہ بنایا

سودائی ہو مجنون ہو دیوانہ ہوتے ہو
اے حضرت دل تم کہین شیدا ہوتے ہو

ابتر نظر آتا ہے مجھے حال تمھارا
کس ماہ کی آنکھون نے دکھایا تمھین تارا

چار آنکھین ہوئی کس سے کیا کسکا نظارا
کیا پھر گئی تمسے کوئی مژگان صف آرا

افتاد کھو کسپہ پڑی آنکھ تمہاری
کسکے صف مژگانسے لڑی آنکھ تمھاری

بر مجلس کوئی آئینہ رو تمسے ہے آیا
سنکر کے لگی آپ کی روبرو کوئی آیا

حیرت زدہ ہو کسنے ہے آئینہ دکھایا
بگڑی ہے کسی شخص سے کسنے ہی بنایا

بالا کسی قامت نے بتایا تمھین شاید
پھندا کسی کاکل نے دکھایا تمھین شاید

کیا خار کسی گلگو ہے گلشن سے تمھارے
چشمک ہے کسی برق کو خرمن سے تمھارے

اولجھن کسی کانٹے کو ہے دامن سے تمہارے
ہے لاگ کسی دوست کو دشمن سے تمھارے

کیا تمکو ہوا خیر تو ہے دھیان کدھر ہے

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

کیا ہو گیا اوس شان کو وہ آن کدھر ہے

کاوش مین ہو کیون کھٹکے ہو کس نوک مژہ سے
کیون روتے ہو چشمک ہے کسی چشم سیہ سے

کاہش مین ہو کیون اٹکے ہو کس عزت سے
بیتاب ہو کیون چھوٹے ہو کس برق نگہ سے

برچھی سے گلے پر ہے اگر لگ گئی تمسکو
آنکھون پہ چڑھے ہے سبکے نظر لگ گئی تمسکو

کھتا تھا مین ہر ایک سے صحبت نہین بہتر
ہر دوست کی دشمن کی فضیحت نہین بہتر

یہ خو نہین بہتر یہہ طبیعت نہین بہتر
رسوائی و بدنامی و ذلت نہین بہتر

رکھی تمہین منظور تھی اپنی ہی کد افسوس
افسوس صد افسوس صد افسوس

سایہ سے پریرو نکے رم کیجئے تو اچھا
مطلق نہ سر و برو حرم کیجئے تو اچھا

رخ بھی نہ کبھی سوئے ارم کیجئے تو اچھا
اے حضرت دل مجھپہ کرم کیجئے تو اچھا

ہو گوشہ نشین گوش کرو بات ہماری
ضائع نکرو مفت مین اوقات ہماری

گر پاؤ پڑے عشق تو ہرگز نہو مایوس
آسان نہین دلدہی خاطر مایوس

بے کھٹکے نہو گا کبھی کانٹے کا فذ مبوس
ایسا نہو رہجائے بس افسوس ہے افسوس

خاطر مین کہا گر نمرالاؤ گے صاحب
پچتاؤ گے پچتاؤ گے پچتاؤ گے صاحب

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri

CC-0 Pulwama Collection. Digitized by eGangotri